www.prepp.in

Language Code : **20**

इस पुस्तिका में **20** मुद्रित पृष्ठ हैं।
This booklet contains **20** Printed pages.

# SAS-24-II

**प्रश्न-पत्र-II / PAPER-II**
**उर्दू भाषा परिशिष्ट**
**Urdu Language Supplement**
**भाग-IV & V / PART-IV & V**

**मुख्य परीक्षा पुस्तिका संख्या / Main Test Booklet No.**

**मुख्य परीक्षा पुस्तिका कोड / Main Test Booklet Code**

**P**

**इस परीक्षा पुस्तिका को तब तक न खोलें जब तक कहा न जाए।**
**Do not open this Test Booklet until you are asked to do so.**
**इस परीक्षा पुस्तिका के पिछले आवरण (पृष्ठ 19 व 20) पर दिए निर्देशों को ध्यान से पढ़ें।**
**Read carefully the Instructions on the Back Cover (Page 19 & 20) of this Test Booklet.**

**उर्दू में निर्देशों के लिए इस पुस्तिका का पृष्ठ 2 देखें। / FOR INSTRUCTIONS IN URDU SEE PAGE 2 OF THIS BOOKLET.**

## परीक्षार्थियों के लिए निर्देश

1. यह पुस्तिका मुख्य परीक्षा पुस्तिका की एक परिशिष्ट है, उन परीक्षार्थियों के लिए जो **या** तो भाग IV (भाषा I) **या** भाग V (भाषा II) **उर्दू** भाषा में देना चाहते हैं, लेकिन **दोनों नहीं**।
2. परीक्षार्थी भाग I एवं भाग II **या** III के उत्तर मुख्य परीक्षा पुस्तिका से दें और भाग IV व V के उत्तर उनके द्वारा चुनी भाषाओं से।
3. अंग्रेज़ी व हिन्दी भाषा पर प्रश्न मुख्य परीक्षा पुस्तिका में भाग IV व भाग V के अन्तर्गत दिए गए हैं। भाषा परिशिष्टों को आप अलग से माँग सकते हैं।
4. इस पृष्ठ पर विवरण अंकित करने एवं उत्तर पत्र पर निशान लगाने के लिए **केवल काले/नीले बॉल पॉइंट पेन** का प्रयोग करें।
5. इस भाषा पुस्तिका का **संकेत** है **P**। यह सुनिश्चित कर लें कि इस भाषा परिशिष्ट पुस्तिका का संकेत, उत्तर पत्र के **पृष्ठ-2** एवं मुख्य परीक्षा पुस्तिका पर छपे संकेत से मिलता है। अगर यह भिन्न हो, तो परीक्षार्थी दूसरी भाषा परिशिष्ट परीक्षा पुस्तिका लेने के लिए निरीक्षक को तुरन्त अवगत कराएँ।
6. इस परीक्षा पुस्तिका में **दो** भाग IV और V हैं, जिनमें **60** वस्तुनिष्ठ प्रश्न हैं, जो प्रत्येक 1 अंक का है :
   भाग-IV : भाषा-I (उर्दू) (प्र. 91 से प्र. 120)
   भाग-V : भाषा-II (उर्दू) (प्र. 121 से प्र. 150)
7. भाग-IV में भाषा-I के लिए 30 प्रश्न और भाग-V में भाषा-II के लिए 30 प्रश्न दिए गए हैं। इस परीक्षा पुस्तिका में केवल उर्दू भाषा से संबंधित प्रश्न दिए गए हैं। **यदि भाषा-I और/या भाषा-II में आपके द्वारा चुनी गई भाषा(एँ) उर्दू के अलावा है तो कृपया उस भाषा वाली परीक्षा पुस्तिका माँग लीजिए। जिन भाषाओं के प्रश्नों के उत्तर आप दे रहे हैं वह आवेदन पत्र में चुनी गई भाषाओं से अवश्य मेल खानी चाहिए।**
8. **परीक्षार्थी भाग-V (भाषा-II) के लिए, भाषा सूची से ऐसी भाषा चुनें जो उनके द्वारा भाषा-I (भाग-IV) में चुनी गई भाषा से भिन्न हो।**
9. रफ कार्य परीक्षा पुस्तिका में इस प्रयोजन के लिए दी गई खाली जगह पर ही करें।
10. सभी उत्तर केवल OMR उत्तर पत्र पर ही अंकित करें। अपने उत्तर ध्यानपूर्वक अंकित करें। उत्तर बदलने हेतु श्वेत रंजक का प्रयोग निषिद्ध है।

## INSTRUCTIONS FOR CANDIDATES

1. This booklet is a supplement to the Main Test Booklet for those candidates who wish to answer **EITHER** Part IV (Language I) **OR** Part V (Language II) in **URDU** language, but **NOT BOTH**.
2. Candidates are required to answer Part I and Part II **OR** III from the Main Test Booklet and Parts IV and V from the languages chosen by them.
3. Questions on English and Hindi languages for Part IV and Part V have been given in the Main Test Booklet. Language Supplements can be asked for separately.
4. Use **Black/Blue Ball Point Pen only** for writing particulars on this page/marking responses in the Answer Sheet.
5. The CODE for this Language Booklet is **P**. Make sure that the CODE printed on **Side-2** of the Answer Sheet and on your Main Test Booklet is the same as that on this Language Supplement Test Booklet. In case of discrepancy, the candidate should immediately report the matter to the Invigilator for replacement of the Language Supplement Test Booklet.
6. This Test Booklet has **two** Parts, IV and V, consisting of **60** Objective Type Questions, each carrying 1 mark :
   Part-IV : Language-I (Urdu) (Q. 91 to Q. 120)
   Part-V : Language-II (Urdu) (Q. 121 to Q. 150)
7. Part-IV contains 30 questions for Language-I and Part-V contains 30 questions for Language-II. In this Test Booklet, only questions pertaining to Urdu language have been given. **In case the language/s you have opted for as Language-I and/or Language-II is a Language other than Urdu, please ask for a Test Booklet that contains questions on that language. The language being answered must tally with the languages opted for in your Application Form.**
8. **Candidates are required to attempt questions in Part-V (Language-II) in a language other than the one chosen as Language-I (in Part-IV) from the list of languages.**
9. Rough work should be done only in the space provided in the Test Booklet for the same.
10. The answers are to be recorded on the OMR Answer Sheet only. Mark your responses carefully. No whitener is allowed for changing answers.

परीक्षार्थी का नाम (बड़े अक्षरों में) : ____________________
Name of the Candidate (in Capitals) :

अनुक्रमांक : (अंकों में) / Roll Number : in figures ____________________
: शब्दों में / in words ____________________

परीक्षा केन्द्र (बड़े अक्षरों में) : ____________________
Centre of Examination (in Capitals) :

परीक्षार्थी के हस्ताक्षर : ____________________ निरीक्षक के हस्ताक्षर : ____________________
Candidate's Signature : Invigilator's Signature :

Facsimile Signature Stamp of
Centre Superintendent : ____________________

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide

امتحان سوالنامہ کوڈ

**P**

# SAS-24-II

Language Code : **20**

پرچہ-II

## ضمیمہ اُردو زبان

حصّہ IV، V

اس کتابچہ میں 20 صفحات ہیں

اس سوال نامے کو اُس وقت تک نہ کھولیں جب تک کہا نہ جائے۔

سوال نامے کی پشت 19، 20 پر دی گئی ہدایات کو غور سے پڑھیں۔

**امیدواروں کے لیے ہدایات :**

1. یہ کتابچہ ان امیدواروں کے لیے بنیادی سوال نامے کا ضمیمہ ہے جو اُردو زبان کے حصّہ IV (زبان I) یا حصّہ V (زبان II) میں جواب دینا چاہتے ہیں۔ مگر دونوں میں نہیں۔
2. امیدواروں کو بنیادی سوال نامے کے حصّہ I، II، III کے جواب بنیادی سوال نامے سے دیں اور حصّہ IV، V کے جوابات زبانوں میں لکھنے ہوں گے جن کا انھوں نے انتخاب کیا ہے۔
3. حصّہ IV اور V میں ہندی اور انگریزی زبانوں کے سوالات بنیادی سوال نامے میں دیے گئے ہیں۔ زبان کے ضمیمے کو الگ سے مانگا جا سکتا ہے۔
4. اس صفحے پر جواب لکھنے / کوائف لکھنے کے لیے صرف کالے/ نیلے بال پین کا ہی استعمال کریں۔
5. اس سوال نامے کا کوڈ **P** ہے۔ جواب نامے کے دوسری جانب دیا گیا کوڈ اور آپ کے بنیادی سوال نامے کا کوڈ ایک ہی ہونا چاہیے، جیسا زبان کے صفحے 2 پر ہے۔ اگر اُس میں کہیں کوئی فرق ہے تو اُمّید وار کو فوراً نگراں کو اطلاع دے کر اس سے زبان کے سوال نامے کا دوسرا ضمیمہ طلب کرنا ہوگا۔
6. اس سوال نامے کے دو حصّے ہیں، IV اور V جو **60** معروضی سوالات پر مشتمل ہیں۔ ہر سوال کا ایک **(1)** نمبر ہے۔
   حصّہ IV زبان I اُردو (سوال نمبر 91 تا 120)
   حصّہ V زبان II اُردو (سوال نمبر 121 تا 150)
7. حصّہ IV زبان I کے 30 سوال اور حصّہ V زبان II کے 30 سوال ہیں۔ اس سوال نامے میں صرف اُردو کے سوالات ہیں۔ **اگر آپ نے اس زبان/ زبانوں کو زبان I اور/ یا زبان II کی حیثیت سے انتخاب کیا ہے جو اُردو زبان نہیں ہے تو اسی زبان کا سوال نامہ طلب کیجیے۔ آپ کے جواب اسی زبان میں ہونے چاہئیں جسے آپ نے اپنی درخواست میں انتخاب کیا ہے۔**
8. **امیدواروں نے زبان I (حصّہ IV) کی حیثیت سے جس زبان کا انتخاب کیا ہے حصّہ V (زبان II) کے جواب انھیں اس کے علاوہ فہرستِ زبان میں سے دی گئی زبانوں میں سے کسی میں دینے ہوں گے۔**
9. امیدوار کو کچّا کام امتحان کے سوال نامے میں دی گئی خالی جگہ میں ہی کرنا ہوگا۔
10. جوابات کا اندراج صرف OMR جواب نامے پر ہی کرنا ہوگا۔ جوابی نشانات احتیاط سے لگائیں۔ سفیدے کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

امیدوار کا نام : (جلی حروف میں) ____________________

رول نمبر : اعداد میں ____________________

: الفاظ میں ____________________

امتحان کا مرکز : (جلی حروف میں) ____________________

امیدوار کے دستخط : ____________________ نگراں کے دستخط ____________________

سینٹر سپرنٹنڈنٹ کے دستخط کی مہر ____________________

prepp
Your Personal Exams Guide

اُمّید وارسوالوں کے جواب حصّہ-IV (سوال نمبر 91 تا 120)
صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-I کا اوپشن اُردو چنا ہو۔

Candidates should attempt the questions from **Part-IV (Q.No. 91-120)**, if they have opted **URDU** as **Language-I** only.

**PART-IV**

**LANGUAGE-I**

**URDU**

اُمّید وارسوالوں کے جواب حصّہ-**IV** (سوال نمبر **91** تا **120**) صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-**I** کا اوپشن اُردو چنا ہو۔

**ہدایات : نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجئے۔ (سوال نمبر 91 تا 99) :**

ریڈیم کی قدر ہر آدمی نہیں جانتا لیکن جنھیں ان کی ضرورت پڑتی ہے جیسے سائنس داں اور ڈاکٹر وہ اس کے ذرّے ذرّے کی قدر کرتے ہیں۔ ریڈیم سے ڈاکٹری میں بھی بڑے بڑے کام لیے جارہے ہیں۔ ایک سائنس داں نے 1906 میں یہ معلوم کیا کہ اگر سیسے کی تختی میں ریڈیم کی کرنیں دوبارہ چھان لی جائیں تو وہ جسم کے ان ریشوں کو زائل کردیتی ہیں جن پر سرطان کا اثر ہو۔ جو لوگ ریڈیم کے زیر علاج رہتے ہیں وہ اپنی حفاظت سیسے کی واسکٹیں پہن کر کرتے ہیں۔ ریڈیم کی شعاعیں براہ راست کوئی نقصان نہیں پہنچاتیں لیکن آہستہ آہستہ خون کے سفید اور سرخ خلیے بگاڑ دیتی ہیں۔ خون کا دباؤ ہلکا کردیتی ہیں اکثر خون کی کمی بھی پیدا ہو جاتی ہے۔ ناخن بدصورت اور ان کے اردگرد چاروں طرف کی کھال کھردری اور موٹی ہو جاتی ہے۔ ریڈیم اکسریز کے جلے ہوئے زخم اچھے کردیتا ہے۔ معدے کو درست کرتا ہے۔

**91.** جو لوگ ریڈیم کے زیر علاج رہتے ہیں وہ اپنی حفاظت کیسے کرتے ہیں ؟

(1) ربڑ کی واسکٹیں پہن کر
(2) وہ سیسے کی واسکٹیں پہن کر اپنی حفاظت کرتے ہیں
(3) منہ پر ماسک کو لگا کر
(4) دوائیاں کھا کر

**92.** بدصورت کا متضاد ہے ؟

(1) بدشکل
(2) خوبصورت
(3) بدنما
(4) خوش گوار

**93.** ریڈیم ہمارے جسم کے کس حصّے کو درست کرتا ہے ؟

(1) دماغ کو
(2) دل کو
(3) جگر کو
(4) معدے کو

**94.** ریڈیم کے ایک ایک ذرّے کی قدر کون کرتے ہیں ؟

(1) حساب داں اور ماہر معاشیات
(2) سائنس داں اور ڈاکٹر
(3) صنعت کار اور کسان
(4) سرمایہ دار اور تاجر

**95.** ریڈیم کی کرنیں اگر سیسے کی تختی میں دوبارہ چھان لی جائیں تو جسم کے کن ریشوں کو زائل کردیتی ہیں ؟

(1) جن پر کسی بیماری کا اثر ہو
(2) جن پر ٹی۔بی کا اثر ہو
(3) جن پر سرطان کا اثر ہو
(4) جن پر طاعون کا اثر ہو

Prepp
Your Personal Exams Guide

.96 ڈاکٹری میں کس سے بڑے بڑے کام لیے جارہے ہیں ؟

(1) یورینیم سے (2) المونیم سے (3) کانسہ سے (4) ریڈیم سے

.97 ریڈیم کی شعاعیں انسان پر کیسے اثرانداز ہوتی ہیں ؟

(1) آہستہ آہستہ خون کے سفید اور سرخ خلیے بگاڑ دیتی ہیں (2) خون کے دباؤ کو بڑھاتی ہیں

(3) ان کے جسم کی کھال کو بگاڑ دیتی ہیں (4) ان کے دماغ پر گہرا اثر ڈالتی ہیں

.98 شعاع کی جمع ہے ؟

(1) اشاعین (2) شعاعیں (3) اشعاؤں (4) اشعاع

.99 ریڈیم کی شعاعوں سے کہاں کے آس پاس کی کھال کھردری اور موٹی ہوجاتی ہے ؟

(1) ہاتھ (2) ناخن (3) آنکھ (4) کان

ہدایات : نیچے دیے ہوئے شعری حصّے کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے۔ (سوال نمبر 100 تا 105) :

کتنا اچھا ہے یہ گاؤں کا راستہ
اس کڑی دھوپ میں چھاؤں کا راستہ

سبز وشاداب اشجار کے درمیاں
کس مزے سے گزرتی ہیں یہ گرمیاں

آم کے پیڑ خوشبو لٹاتے ہوئے
روکتے ہیں مجھے آتے جاتے ہوئے

کتنا خوش رہتا ہوں کھیت جاتے ہوئے
ناچتے، کودتے، گیت گاتے ہوئے

یہ کشادہ زمین یہ کُھلا آسماں
شہر کے دوستوں کو میسر کہاں

.100 دُھوپ کا متضاد ہے ؟

(1) عکس (2) چھاؤں (3) سایہ (4) پرچھائیں

101. شاعر کے نزدیک کشادہ زمین اور کھُلا آسمان کن کو میسر نہیں ہوتا ؟

(1) بدذوق لوگوں کو (2) شہر کے دوستوں کو (3) امیر لوگوں کو (4) سرمایہ دار لوگوں

102. شاعر کو کس پیڑ کی خوشبو آتے جاتے روکتی ہے ؟

(1) پپیتے کے پیڑ کی خوشبو (2) جامن کے پیڑ کی خوشبو (3) امرود کے پیڑ کی خوشبو (4) آم کے پیڑ کی خوشبو

103. شاعر کے نزدیک گاؤں کے سبز وشاداب اشجار کے درمیان مزے سے کیا گزرتی ہیں ؟

(1) دوُریاں (2) چھٹیاں (3) گرمیاں (4) سردیاں

104. شاعر کے نزدیک گاؤں کا راستہ کڑی دھوپ میں کیسا لگتا ہے ؟

(1) تپش کا راستہ (2) چھاؤں کا راستہ (3) دشوار راستہ (4) خوش گوار راستہ

105. کتنا خوش رہتا ہوں ________ جاتے ہوئے

ذیل میں دیے گئے لفظوں میں سے صحیح لفظ بھریے :

(1) کھیت (2) شہر (3) روز (4) باغ

106. ایک استاد ثانوی سطح کے بچوں کو ایک متن / کہانی دیتا ہے اور ان سے کہتا ہے کہ متن میں مذکور خیالات وافکار پر اور معانی ومطالب پر انصاف واقتدار کے نقطۂ نظر سے بات کریں۔ استاد آموزگاروں میں کس چیز کو فروغ دینا چاہتا ہے :

(1) زبان کی اعلا مہارتیں (2) تنقیدی خواندگی کی مہارتیں

(3) تنقیدی تدریسیات (4) تنقیدی زبان کو فروغ دینا

Prepp
Your Personal Exams Guide

.107 ''بین لسانی شناخت'' کیا ہے ؟

(1) آموزگار کی سمجھ کی مختلف زبانیں سیکھنے کے لیے مختلف صلاحیتیں درکار ہوتی ہیں

(2) آموزگار کا فیصلہ کی مقامی زبان اور ہدف زبان میں کچھ چیزیں مشترک ہوتی ہیں

(3) آموزگار کا فیصلہ کی مقامی زبان اور ہدف زبان میں کچھ چیزیں مشترک نہیں ہوتی ہیں

(4) آموزگار کا فیصلہ کہ مقامی زبان کا علم دوسری زبان کی آموزش میں مخل ہوتا ہے

.108 استاد طلبا کو انگریزی میں ایک کہانی سناتا ہے اور طلبا سے گروپ میں کام کرنے اور معلوم زبان میں کہانی کو بتانے کے لیے کہتا ہے اور پھر کلاس کی مشترکہ زبان میں کہانی بتانے کے لیے کہتا ہے، اس طرح کی تدریسیاتی حکمت عملی کو کیا کہیں گے ؟

(1) زبان کا حصول (2) ماورائے زبان (3) کثیر لسانی پالیسی (4) کثیر لسانی تدریس

.109 ساتویں جماعت کا استاد جوڑوں میں کی جانے والی سرگرمی انجام دیتا ہے جس میں ہر جوڑے کو دس جملوں کی کہانی دی جاتی ہے۔ ایک کہانی کے پہلے جملے کو پڑھ کر سناتا ہے اور دوسرے جملے کو سکھتے ہیں۔ پھر دوسرا جوڑا دوسرا جملہ پڑھتا ہے اور دوسرے جوڑے کا پہلا اس جملے کو لکھتا ہے۔ اس طرح پوری کہانی مکمل ہوتی ہے۔

پھر وہ اصل متن سے تحریر کردہ جملوں کو ملاتے ہیں۔ اس سرگرمی کو کیا کہتے ہیں ؟

(1) مل جل کر املا لکھنا (2) مل جل کر لکھنا (3) مل جل کر سننا (4) جملوں کا املا

.110 آموزگار مخصوص معلومات کے حصول کے لیے اخبار میں شائع خبر کو پڑھتا ہے۔ اس طرح کے مطالعے کو کیا کہتے ہیں ؟

(1) پڑھنے کی مہارت (2) تنقیدی مطالعہ (3) سرسری مطالعہ (4) غائر مطالعہ

.111 قواعد کی تدریس و آموزش میں طریق عمل کی معلومات ہے

(1) زبان اور اس کی ثقافت کا علم (2) قواعدی مشقوں کو برتنے کے طریقے کا علم

(3) قواعدی مشقوں کی جانکاری (4) قواعدی مشقوں کے اصولوں کی جانکاری

.112 ثریا چھٹی جماعت کی طالبہ ہے جو جالندھر پنجاب سے تامل ناڈو کے مادورائی اپنے والد صاحب کے ساتھ منتقل ہوجاتی ہے پنجابی اس کی مادری زبان ہے اور اس نے انگریزی اسکول میں بطور دوسری زبان پڑھی ہے۔ وہ اپنے پڑوسی سے سیکھ کر تامل بول اور پڑھ سکتی ہے، جو زبانیں اب وہ جانتی ہے اس کے حوالے سے کون سا بیان درست ہے ؟

(1) انگریزی کا شمار اکتسابی زبان میں اور پنجابی و تامل کا شمار آموزشی زبان میں ہوگا

(2) پنجابی اور تامل کا شمار اکتسابی زبان میں اور انگریزی کا شمار آموزشی زبان میں ہوگا

(3) تامل کا شمار اکتسابی زبان اور انگریزی اور پنجابی کا شمار آموزش زبان میں ہوگا

(4) پنجابی، انگریزی، تامل تینوں کا شمار آموزشی زبان میں ہوگا

.113 کوزی کوڈ میں ایک مخصوص برادری ملیالم بولتی ہے جو کہ اس جگہ بولی جانے والی ملیالم سے ذرا مختلف ہے، مخصوص برادری کے ذریعہ بولی جانے والی ملیالم کو کیا کہیں گے ؟

(1) وہ دو مختلف زبانیں ہیں (2) ملیالم کی دو قسمیں (3) ملیالم کی علاقائی بولی (4) ملیالم کی سماجی بولی

.114 سہ لسانی فارمولے کے ضمن میں کون درست ہے

(1) مادری زبان / گھر کی زبان / انگریزی بطور پہلی زبان

(2) مادری زبان / گھر کی زبان / علاقاتی زبان بطور پہلی زبان

(3) انگریزی / ہندی / گھر کی زبان / مقامی زبان بطور پہلی زبان

(4) مادری زبان / گھر کی زبان / ہندی بطور پہلی زبان

.115 آموزگاروں کو مختلف گروپ میں درج ذیل آموزشی کام دیا گیا تھا۔ معلوم کیجئے کہ لفظیات کی آموزش کو کیا کہتے ہیں؟

ان لفظوں اور جملوں کو معلوم کیجئے۔ جو درج ذیل لفظوں سے متعلق ہوں :

(خاندان) (رشتہ داری) (احساس)

(1) لفظ کا دام / سلسلہ (2) موضوعاتی الفاظ (3) لفظوں کا مجموعہ (4) مجموعوں کی لفظیات

116. تدریس کا وہ طریقہ جس میں استاد اور چار طلبا ایک اجتماعی آموزشی گروپ بناتے ہیں جس میں سب کے رول علاحدہ ہوتے ہیں متن کے مواد پر مکالمہ ہوتا ہے جس سے تفہیم متن کے مطالعے میں بہتری کرتی ہے۔اس طریقے کو کہا جاتا ہے

(1) مثالی مطالعہ (2) قواعد کے اطلاق کا طریقہ (3) باہمی تدریس (4) ساختیاتی طریقہ

117. روزمرہ کی زبان جو ہم آپس میں بات کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں اسے کہا جاتا ہے ؟

(1) آپسی زبان کی مہارت
(2) وقوفی اکادمک زبان کی مہارت (CALP)
(3) بنیادی آپسی ترسیل کی مہارتیں (BICS)
(4) ترسیل زبان کی مہارتیں

118. تعاونی تدریس ہوتی ہے :

(1) ان آموزگاروں اور اساتذہ کے لیے جو زبان کے پرچے کے امتحان میں اپنا نمبر بڑھانا چاہتے ہیں
(2) ان آموزگاروں کے لیے جنھیں زبان کی آموزش کے متعین پہلوؤں پر توجہ دینے کی ضرورت ہوتی ہے
(3) ان اساتذہ کے لیے جنھیں اپنی تدریس میں ان مخصوص طلبا کے لیے تبدیلی لانے کی ضرورت ہے جو زبان سیکھنا چاہتے ہیں
(4) ان آموزگاروں اور اساتذہ کے لیے جو اپنی تدریسی وآموزشی حکمت عملوں کو سمجھنا تبدیلی لانا اور بہتری لانا چاہتے ہیں

119. درج ذیل میں سے کون اشارتی زبان کے بارے میں صحیح نہیں ہے ؟

(1) اشارتی زبان کے بھی قواعد ہوتی ہے
(2) اشارتی زبان کی بہت سی قسمیں ہوتی ہیں
(3) اشارتی زبان فطری زبان ہے
(4) اشارتی زبان کے قواعد نہیں ہوتی ہے

120. درج ذیل میں سے کون توسیعی مطالعے کے مقصد میں شامل نہیں ہے ؟

(1) لطف اندوز ہونے کے لیے پڑھنا
(2) تحسین کے لیے پڑھنا
(3) ارتشاح کے لیے پڑھنا
(4) قواعد کی آموزش کے لیے پڑھنا

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

اُمّید وارسوالوں کے جواب حصّہ-V (سوال نمبر 121 تا 150)
صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-II کا اوپشن اُردو چنا ہو۔

Candidates should attempt the questions from **Part-V (Q.No. 121-150)**, if they have opted <u>**URDU**</u> as **Language-II** only.

Prepp
Your Personal Exams Guide

## PART-V

## LANGUAGE-II

## URDU

اُمّید وارسوالوں کے جواب حصّہ-V (سوال نمبر121 تا 150) صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-II کا اوپشن اُردو چنا ہو۔

**ہدایات :** نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجئے۔ (سوال نمبر 121 تا 128) :

رمضان کے پورے تیس روزوں کے بعد عید آتی ہے۔ گاؤں میں کتنی چہل پہل ہے۔ عیدگاہ جانے کی دُھن ہے۔لڑکے بہت خوش ہیں۔عیدگاہ جانے کی خوشی انہی کا حصّہ ہے۔سب سے زیادہ خوش ہے حامد۔وہ چار سال کا غریب صورت بچّہ جس کا باپ پچھلے سال ہیضے کی نذر ہو گیا۔ اب حامد اپنی بوڑھی دادی امینہ کی گود میں سوتا تھا۔ بدنصیب امینہ اپنی کوٹھری میں بیٹھی رو رہی تھی۔آج عید کا دن ہے اور اس کے گھر میں دانہ نہیں ہے۔ اس نے فہمین کے کپڑے سیے تھے تو آٹھ آنے ملے تھے۔اس اُٹھنّی کو ایمان کی طرح بچاتی چلی آئی تھی اس عید کے لیے، لیکن گوالن سر پر سوار ہوگئی تو کیا کرے ؟

**121.** حامد کی عمر کتنی ہے ؟

(1) تین سال (2) دس سال (3) چار سال (4) چھ سال

**122.** غریب کی جمع ہے ؟

(1) غرابتوں (2) غریبوں (3) غرائیوں (4) غربت

**123.** گاؤں میں چہل پہل کیوں ہے ؟

(1) فصل کٹنے کی وجہ سے (2) عید کی وجہ سے (3) شادی کی وجہ سے (4) میلے کی وجہ سے

**124.** امینہ کوٹھری میں بیٹھی کیوں رو رہی تھی ؟

(1) اس کے پاس روپے نہیں تھے (2) عید کے دن اس کے گھر میں دانہ نہیں ہے
(3) اس کو اپنے بیٹے کی یاد آ رہی ہے (4) وہ بیمار ہونے کی وجہ سے رو رہی ہے

**125.** امینہ عید کے لئے اُٹھنّی کو کس طرح بچاتی چلی آئی تھی ؟

(1) ایمان کی طرح بچاتی چلی آئی تھی (2) قیمتی چیز کی طرح
(3) کسی زیور کی طرح (4) کسی بیش قیمتی سامان کی طرح

126. گاؤں کا متضاد ہے ؟

(1) ضلع (2) دیہات (3) شہر (4) قصبہ

127. حامد کا باپ پچھلے سال کس بیماری کی نذر ہو گیا ؟

(1) ملیریا کی بیماری کے سبب (2) چیچک کی بیماری کی نذر (3) ٹی۔بی۔کی بیماری کی نذر (4) ہیضے کی بیماری کی نذر

128. فہمین کے کپڑے سینے کی وجہ سے اس کو کیا ملا ؟

(1) دو سیر گیہوں ملے تھے (2) ایک روپیہ ملا تھا (3) چار آنے ملے تھے (4) آٹھ آنے ملے تھے

**ہدایات : نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے۔ (سوال نمبر 129 تا 135) :**

(بیگم افضل کمرے میں بیٹھی سوئیٹر بُن رہی ہیں۔جمّن بوکھلایا ہوا آتا ہے)

جمّن : مالکن ! ۔۔۔۔ مالکن ! ! !

بیگم : کیا بات ہے جمّن؟ چلاّ کیوں رہے ہو ؟

جمّن : (نئے جوتوں کا ڈبّا دکھاتے ہوئے) یہ نئے جوتے۔۔۔۔

آپ نے کہا تھا کہ صاحب صبح نئے جوتے پہن کر دفتر جائیں گے مگر وہ شاید بھول گئے۔ اور پرانے ہی جوتے پہن کر چلے گئے۔

بیگم : تم نے انھیں بتایا نہیں کہ نئے جوتے آنگن میں رکھّے ہیں۔

جمّن : میں بتانا بھول گیا تھا مگر جوتے تو۔۔۔

بیگم : (ناراض ہو کر) باتیں مت بناؤ بھلکّڑ کہیں کے۔

ستارہ : مالکن آپ پریشان نہ ہوں۔جمّن سامان لے کر جائے گا تو جوتے بھی لیتا جائے گا۔

129. کمرے کی جمع ہے ؟

(1) کمائر (2) کمروں (3) کمراتین (4) کمیروں

130. ستارہ نے مالکن کو کیا مشورہ دیا ؟
(1) صاحب کسی دوست سے نئے جوتے مانگ لیں گے
(2) جمّن سامان لے کر جائے گا تو جوتے بھی لیتا جائے گا
(3) صاحب بازار سے نیا جوتا خرید لیں گے
(4) صاحب گھر آ کر نیا جوتا پہن لیں گے

131. صاحب کون سے جوتے پہن کر دفتر چلے گئے ؟
(1) گیلے جوتے پہن کر
(2) پھٹے ہوئے جوتے پہن کر
(3) لال رنگ کے جوتے پہن کر
(4) پرانے جوتے پہن کر

132. پُرانے کا متضاد ہے ؟
(1) قدیم
(2) نئے
(3) بوسیدہ
(4) خستہ

133. بیگم افضل کمرے میں کیا کر رہی تھیں ؟
(1) کپڑے سی رہی تھیں
(2) ناول پڑھ رہی تھیں
(3) سوئیٹر بُن رہی تھیں
(4) ترکاری کاٹ رہی تھیں

134. جمّن نے بیگم کو کس کے بارے میں بتایا ؟
(1) اخبار والے کے بارے میں
(2) نئے جوتوں کے بارے میں
(3) مہمانوں کے بارے میں
(4) ڈاکیے کے بارے میں

135. بیگم نے ناراض ہو کر جمّن سے کیا کہا ؟
(1) جوتے ڈبّے میں رکھ دو
(2) ''باتیں مت بناؤ، بھلکڑ کہیں کے''
(3) ابھی جوتے لے کر دفتر جاؤ
(4) جوتے سنبھال کر رکھ دو

136. درج ذیل میں سے کون طریقۂ عمل زبان میں اچھے سے لکھنے کی آموزش میں شامل ہے
(1) غور و خوض ___ نکات یکجا کرنا ___ خاکہ تیار کرنا ___ مسودہ تیار کرنا ___ ایڈٹ کرنا ___ حتمی شکل دینا
(2) غور و خوص ___ خاکہ تیار کرنا ___ مسودہ تیار کرنا ___ نکات کو یکجا کرنا ___ ایڈٹ کرنا ___ حتمی شکل دینا
(3) غور خوض ___ نکات کو یکجا کرنا ___ مسودہ تیار کرنا ___ خاکہ تیار کرنا ___ حتمی شکل دینا
(4) غور و خوض ___ نکات یکجا کرنا ___ مسودہ تیار کرنا ___ ایڈٹ کرنا خاکہ تیار کرنا ___ حتمی شکل دینا

137. سہ لسانی فارمولے کے حوالے سے کون درست بیان ہے ؟

(1) تمام بچے اپنی اسکولی تعلیم کا آغاز مادری زبان / گھر کی زبان سے کرتے ہیں اور باقی اسکول مکمل کرتے کرتے کم از کم دو مزید زبانیں سیکھ لیتے ہیں

(2) تمام بچے اپنی اسکولی تعلیم کا آغاز انگریزی / گھر کی زبان میں شروع کرتے ہیں اور باقی اسکول مکمل کرتے کرتے کم از کم دو اور زبانیں سیکھ لیتے ہیں

(3) تمام بچے اپنی اسکولی تعلیم کا آغاز اپنی ریاست کی زبان میں کرتے ہیں اور باقی اسکول مکمل کرتے کرتے کم از کم دو مزید زبانیں سیکھ لیتے ہیں

(4) تمام بچے اپنی اسکول تعلیم کا آغاز ہندی سے کرتے ہیں اور باقی اسکول مکمل کرتے کرتے کم از کم دو مزید زبانیں سیکھ لیتے ہیں

138. توضیحی معلومات کیا ہے ؟

(1) قواعدی مشقوں کو برتنے کے طریقوں کے بارے میں میں جاننا

(2) زبان میں لفظ کے تلفظ کو جاننا

(3) قواعدی مشقوں کے بارے میں جاننا

(4) قواعدی مشقوں میں غلطیوں کو پہچاننے کے طریقوں کے بارے میں جاننا

139. سماجی علوم کی کلاس میں آموزگار کلاس روم کے لیکچر کے مرکزی خیال کو سمجھنا اور اسے ذہن نشین کرنا چاہتا ہے۔ اس مہارت کو کیا کہتے ہیں ؟

(1) وقوفی مہارت (2) پڑھنے کی مہارت (3) سننے کی مہارت (4) لکھنے کی مہارت

140. آموزشی ماحصل کی کوشش ہوتی ہے کہ آموزگار کو اس قابل بناتے کہ وہ

(1) قابل قدر انداز میں لسانی عناصر کو حاصل کرے

(2) قابل قدر انداز میں قواعدی معلومات حاصل کرے

(3) قابل قدر انداز میں مہارتیں حاصل کرے

(4) تمام مہارتوں کی آموزش کی اقل ترین سطحیں حاصل کرے

141. آٹھویں جماعت کا استاد پانچ جملوں پر مشتمل انگریزی کا ایک متن پڑھ کر دوبارہ سناتا ہے اور طلبا سے بغور سننے کے لیے کہتا ہے۔ پھر طلبا کو چار چار کے گروپ میں بانٹ کر اصل سے قریب متن دوبارہ لکھنے کے لیے کہتا ہے۔ اس سرگرمی کو کیا کہیں گے

(1) سننے کا کام (2) لکھنے کا کام (3) اقتباس کا املا (4) اجتماعی املا

**.142** ساتویں جماعت کا طالب علم چار زبانیں کنڑ، مراٹھی، ہندی اور انگریزی بول سکتا ہے، وہ اپنے والدین سے بات کرتے ہوئے چاروں زبانوں کو با آسانی استعمال کرتا ہے اور اسکول میں صرف ہندی، کنڑ اور انگریزی بولتا ہے کیوں کہ اس کے اساتذہ اور احباب صرف یہی زبانیں جانتے ہیں اس عمل کو کیا کہا جاتا ہے ؟

(1) بین لسان (2) مادرائے زبان صلاحیت (3) کوڈ۔ملانا (4) کوڈا۔بدلنا

**.143** درج ذیل میں سے کون سا طریقہ زبان کی آموزش کی ضروریات کے طور پر زبانی مشق اور زبان کی رسمی واصولی اجزا پر عبور کی وکالت کرتا ہے ؟

(1) کل جسمانی ردعمل (2) سمعی لسانیت (3) ترسیلی زبان کی تدریس (4) قواعد کے اطلاق کا طریقہ

**.144** پانچویں جماعت کا استاد چمچ، پلیٹ اور دوسرے برتن اپنی کلاس میں لے کر آتا ہے تا کہ باورچی خانے کی چیزوں کے بارے میں توضیحی جملے لکھ کر لفظیات کی تدریس کر سکے

زبان کی تدریس میں ان چیزوں کو کیا کہا جاتا ہے ؟

(1) اصل زندگی کے کام (2) تدریس مواد (3) ریلیا (4) پکائی جانے والی اشیا

**.145** قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے حوالے سے زبان کی تعلیم کے بارے میں کون درست نہیں ہے ؟

(1) سہ لسانی فارمولے کے تحت انگریزی کی بطور زبان تعلیم

(2) سہ لسانی فارمولے کے تحت کلاسیکی زبان کی تعلیم

(3) سہ لسانی فارمولے کے تحت مادری زبان / گھر کی زبان کی تعلیم

(4) سہ لسانی فارمولے کے تحت ہندوستانی زبانوں کی تعلیم

**.146** یہاں پر ایک سوال دیا گیا ہے

اسے پڑھیے اور بتائیے کہ یہ کس طرح کا سوال ہے؟

چھوٹی بچی کی کہانی پڑھنے کے بعد آپ اس کی تکالیف اور تکالیف برداشت کرنے کے حوصلے سے کافی متاثر ہوتے ہیں۔ایک خط لکھ کر آپ لڑکی کے حوصلے کی تعریف کرنا چاہتے ہیں 120 الفاظ پر مشتمل ایک خط لکھیں

(1) استدلالی سوال (2) اظہاری سوال (3) طویل جوابی سوال (4) ارتشاحی سوال

**147.** ایک ایسا موقعہ ہے جہاں طلبا کو زیرِ غور موضوع کے مخالف تناظر سے واقف کرایا جاتا ہے تاکہ وہ بہتر انداز میں سمجھ سکیں یہ اس عمل کے ذریعے طلبا میں کس چیز کو فروغ دیا جا رہا ہے۔

(1) خواندگی کا فروغ (2) تنقیدی تجزیہ (3) عمل پر مبنی طریقہ تدریس (4) تنقیدی اور خواندگی

**148.** ''مادرائے زبان'' کیا ہے ؟

(1) یہ تعلیم میں زبان کی پالیسی سے متعلق ہے جس میں بتایا جاتا ہے کہ اسکول میں کتنی زبانیں پڑھائی جاتی ہیں

(2) اس کا مطلب زبان کی تدریس و آموزش میں ایک زبان سے دوسری زبان کا سفر

(3) اس کا مطلب یہ سمجھنا ہے کہ زبانیں وقت کے ساتھ کیسے بدلتی ہیں

(4) کلاس روم میں ماخذ کے طور پر ایک سے زائد زبانوں کو برتنے کے تدریسیاتی عمل کو کہتے ہیں

**149.** زبان کی آموزش کے بارے میں درج ذیل میں سے کون بیان درست ہے

(1) پہلی زبان کی آموزش دوسری زبان کی آموزش سے بالکل مختلف ہے

(2) مقامی / پہلی زبانی کی جانکاری دوسری زبان کی آموزش میں مخل ہوتا ہے

(3) مقامی / پہلی زبان کی جانکاری کا دوسری زبان کی آموزش سے کوئی لینا دینا نہیں ہے

(4) مقامی / پہلی زبان کی جانکاری دوسری زبان کی آموزش میں معاون ہوتی ہے

**150.** کس کا تعلق اکادمک زبان یا مختلف مواد کے لیے درکار زبان میں مہارت سے ہے

(1) وقوفی اکادمک لسانی مہارت (CALP) (2) بین لسانی مہارت

(3) بنیادی آپسی ترسیل کی مہارت (BICS) (4) ترسیلی زبان میں مہارت

- o O o -

www.prepp.in

SPACE FOR ROUGH WORK

Your Personal Exam Guide

www.prepp.in

SPACE FOR ROUGH WORK

**نیچے لکھی ہدایات کو غور سے پڑھیے :**

1. مختلف سوالات کے جوابات دینے کی ترتیب کو واضح طور پر ٹیسٹ بک لیٹ میں دیا گیا ہے۔ آپ سوالوں کا جواب دینے سے قبل اس کو دھیان سے پڑھ لیں۔
2. ہر سوال کے جواب میں دیے گئے چار متبادلوں میں سے درست جواب کے دائرے کو کالے / نیلے بال پوائنٹ پین سے OMR جوابی شیٹ کی دوسری جانب پوری طرح گہرا کر کے بھر دیں۔ جواب پر ایک بار نشان لگانے کے بعد اُسے تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔
3. امیدوار کو اچھی طرح دیکھ لینا چاہیے کہ جوابی شیٹ موڑی نہ گئی ہو۔ جوابی شیٹ پر کسی قسم کا کوئی نشان نہ چھوڑیں، جوابی شیٹ میں نشان زد کی جگہ کے علاوہ اپنا رول نمبر کہیں دوسری جگہ نہ لکھیں۔
4. سوالنامے اور جوابی شیٹ کو احتیاط سے استعمال کریں، دوسری جوابی شیٹ کسی بھی حال میں (سوائے سوالنامہ کوڈ یا نمبر اور جوابی شیٹ کے کوڈ یا نمبر کے فرق کے) نہیں دی جائے گی۔
5. امیدوار حاضری کے کاغذ پر، جوابی شیٹ / سوالنامے میں دیے گئے کوڈ کو بالکل درست اور اسی طرح لکھیں جس طرح وہ سوالنامے میں لکھا گیا ہے۔
6. OMR جوابی شیٹ میں بھری ہوئی معلومات کو ایک مشین کے ذریعے پڑھا جائے گا۔ کوئی بھی معلومات داخلہ کارڈ میں دی گئی معلومات سے مختلف نہ ہو اور ادھوری نہ ہوں۔
7. امیدوار کو اپنے داخلہ کارڈ کے علاوہ کسی بھی قسم کا درسی مواد، چھپا ہوا یا لکھا ہوا کاغذ کا ٹکڑا، موبائل فون، پیجر، الیکٹرونک آلات امتحان ہال میں لانے کی اجازت نہیں ہوگی۔
8. امیدوار کو موبائل فون، وائرلیس کمیونی کیشن کے ڈوائسوں کو امتحان ہال کے کمروں میں لانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ امیدوار کو ان کے مفاد میں یہ صلاح دی جاتی ہے کہ وہ اپنے پاس موبائل فون یا کسی دوسرے کمیونی کیشن کو سوئچ آف کر کے بھی اپنے پاس نہ رکھیں۔ ان ہدایت پر عمل نہ کرنے پر امتحان ہال میں غیر مناسب ذرائعوں کا استعمال سمجھا جائے گا اور ان کے خلاف کاروائی کی جائے گی، ان امیدواروں کے امتحان کو ردّ بھی کیا جا سکتا ہے۔
9. امیدوار کو نگراں کے مانگے جانے پر اپنا داخلہ کارڈ دکھانا ہوگا۔
10. سینٹر سپرنٹنڈنٹ یا نگراں کی اجازت کے بغیر کوئی امیدوار اپنی جگہ نہیں چھوڑے گا۔
11. امیدوار جوابی شیٹ ہال میں موجود نگراں کے سپرد کئے بغیر یا حاضری پر دوبارہ دستخط کئے بغیر کمرے / ہال سے باہر نہیں نکلیں گے۔ اگر امیدوار حاضری کے کاغذ پر دوبارہ دستخط نہیں کرتا تو اس کا مطلب یہ لیا جائے گا کہ اس نے جوابی شیٹ جمع نہیں کرائی اور اسے غیر قانونی ذرائع کا استعمال سمجھا جائے گا۔ **امیدوار اپنے بائیں ہاتھ کے انگوٹھے کا نشان حاضری کے کاغذ پر دی گئی جگہ میں لگائیں۔**
12. الیکٹرونک / ہاتھ کے کیلکو لیٹر کا استعمال ممنوع ہے۔
13. امیدوار کمرۂ امتحان میں، بورڈ کے اصول وضوابط کے پابند ہوں گے۔ غیر قانونی ذرائع کے استعمال کے تمام معاملات سے بورڈ کے اصول وضوابط کے تحت ہی نپٹا جائے گا۔
14. سوالنامے یا شیٹ کا کوئی حصّہ کسی بھی وجہ سے سوالنامے / جوابی شیٹ سے الگ نہیں کیا جائے گا۔
15. **امتحان ختم ہونے پر امیدواروں کو جوابی شیٹ ڈیوٹی پر موجود نگراں کے سُپرد کرنی ہوگی۔ امیدوار کو سوال نامہ اپنے ساتھ لے جانے کی اجازت ہوگی۔**

Prepp
Your Personal Exams Guide

## निम्नलिखित निर्देशों को ध्यान से पढ़ें :

1. जिस प्रकार से विभिन्न प्रश्नों के उत्तर दिए जाने हैं उसका वर्णन परीक्षा पुस्तिका में किया गया है, जिसे आप प्रश्नों का उत्तर देने से पहले ध्यान से पढ़ लें।
2. प्रत्येक प्रश्न के लिए दिए गए चार विकल्पों में से सही उत्तर के लिए OMR उत्तर पत्र के **पृष्ठ-2** पर केवल एक वृत्त को ही पूरी तरह **नीले/काले बॉल पॉइन्ट पेन** से भरें। एक बार उत्तर अंकित करने के बाद उसे बदला नहीं जा सकता है।
3. परीक्षार्थी सुनिश्चित करें कि इस उत्तर पत्र को मोड़ा न जाए एवं उस पर कोई अन्य निशान न लगाएँ। परीक्षार्थी अपना अनुक्रमांक उत्तर-पत्र में निर्धारित स्थान के अतिरिक्त अन्यत्र न लिखें।
4. परीक्षा पुस्तिका एवं उत्तर पत्र का ध्यानपूर्वक प्रयोग करें, क्योंकि किसी भी परिस्थिति में (केवल परीक्षा पुस्तिका एवं उत्तर पत्र के कोड या संख्या में भिन्नता की स्थिति को छोड़कर) दूसरी परीक्षा पुस्तिका उपलब्ध नहीं करायी जाएगी।
5. परीक्षा पुस्तिका/उत्तर पत्र में दिए गए परीक्षा पुस्तिका कोड व संख्या को परीक्षार्थी सही तरीके से उपस्थिति-पत्र में लिखें।
6. OMR उत्तर पत्र में कोडित जानकारी को एक मशीन पढ़ेगी। इसलिए कोई भी सूचना अधूरी न छोड़ें और यह प्रवेश-पत्र में दी गई सूचना से भिन्न नहीं होनी चाहिए।
7. परीक्षार्थी द्वारा परीक्षा हॉल/कक्ष में प्रवेश-पत्र के सिवाय किसी प्रकार की पाठ्य-सामग्री, मुद्रित या हस्तलिखित, कागज़ की पर्चियाँ, पेजर, मोबाइल फोन, इलेक्ट्रॉनिक उपकरण या किसी अन्य प्रकार की सामग्री को ले जाने या उपयोग करने की अनुमति नहीं है।
8. मोबाइल फोन, बेतार संचार युक्तियाँ (स्विच ऑफ अवस्था में भी) और अन्य प्रतिबंधित वस्तुएँ परीक्षा हॉल/कक्ष में नहीं लाई जानी चाहिए। इस सूचना का पालन न होने पर इसे परीक्षा में अनुचित साधनों का प्रयोग माना जाएगा और परीक्षार्थी विरुद्ध कार्यवाही की जाएगी, परीक्षा रद्द करने सहित।
9. पूछे जाने पर प्रत्येक परीक्षार्थी, निरीक्षक को अपना प्रवेश-पत्र दिखाएँ।
10. केन्द्र अधीक्षक या निरीक्षक की विशेष अनुमति के बिना कोई परीक्षार्थी अपना स्थान न छोड़ें।
11. कार्यरत निरीक्षक को अपना उत्तर पत्र दिए बिना एवं उपस्थिति-पत्र पर दुबारा हस्ताक्षर किए बिना परीक्षार्थी परीक्षा हॉल/कक्ष नहीं छोड़ेंगे। यदि किसी परीक्षार्थी ने दूसरी बार उपस्थिति-पत्र पर हस्ताक्षर नहीं किए, तो यह माना जाएगा कि उसने उत्तर पत्र नहीं लौटाया है और यह अनुचित साधन का मामला माना जाएगा। **परीक्षार्थी अपने बाएँ हाथ के अंगूठे का निशान उपस्थिति-पत्र में दिए गए स्थान पर अवश्य लगाएँ।**
12. इलेक्ट्रॉनिक/हस्तचालित परिकलक का उपयोग वर्जित है।
13. परीक्षा हॉल/कक्ष में आचरण के लिए परीक्षार्थी परीक्षण संस्था के सभी नियमों एवं विनियमों द्वारा नियमित हैं। अनुचित साधनों के सभी मामलों का फैसला परीक्षण संस्था के नियमों एवं विनियमों के अनुसार होगा।
14. किसी भी परिस्थिति में परीक्षा पुस्तिका और उत्तर पत्र का कोई भाग अलग न करें।
15. **परीक्षा सम्पन्न होने पर, परीक्षार्थी हॉल/कक्ष छोड़ने से पूर्व उत्तर पत्र निरीक्षक को अवश्य सौंप दें।** ***परीक्षार्थी अपने साथ इस परीक्षा पुस्तिका को ले जा सकते हैं।***

## READ THE FOLLOWING INSTRUCTIONS CAREFULLY :

1. The manner in which the different questions are to be answered has been explained in the Test Booklet which you should read carefully before actually answering the questions.
2. Out of the four alternatives for each question, only one circle for the correct answer is to be darkened completely with **Blue / Black Ball Point Pen** on **Side-2** of the OMR Answer Sheet. The answer once marked is not liable to be changed.
3. The candidates should ensure that the Answer Sheet is not folded. Do not make any stray marks on the Answer Sheet. Do not write your Roll No. anywhere else except in the specified space in the Answer Sheet.
4. Handle the Test Booklet and Answer Sheet with care, as under no circumstances (except for discrepancy in Test Booklet Code or Number and Answer Sheet Code or Number), another set will be provided.
5. The candidates will write the correct Test Booklet Code and Number as given in the Test Booklet/Answer Sheet in the Attendance Sheet.
6. A machine will read the coded information in the OMR Answer Sheet. Hence, no information should be left incomplete and it should not be different from the information given in the Admit Card.
7. Candidates are not allowed to carry any textual material, printed or written, bits of papers, pager, mobile phone, electronic device or any other material except the Admit Card inside the examination hall/room.
8. Mobile phones, wireless communication devices (even in switched off mode) and the other banned items should not be brought in the examination halls/rooms. Failing to comply with this instruction, it will be considered as using unfair means in the examination and action will be taken against the candidate including cancellation of examination.
9. Each candidate must show on demand his/her Admit Card to the Invigilator.
10. No candidate, without special permission of the Centre Superintendent or Invigilator, should leave his/her seat.
11. The candidates should not leave the Examination Hall/Room without handing over their Answer Sheet to the Invigilator on duty and sign the Attendance Sheet twice. Cases where candidate has not signed the Attendance Sheet second time will be deemed not to have handed over the Answer Sheet and dealt with as an unfair means case. **The candidates are also required to put their left hand THUMB impression in the space provided in the Attendance Sheet.**
12. Use of Electronic/Manual Calculator is prohibited.
13. The candidates are governed by all Rules and Regulations of the Examining Body with regard to their conduct in the Examination Hall/Room. All cases of unfair means will be dealt with as per Rules and Regulations of the Examining Body.
14. No part of the Test Booklet and Answer Sheet shall be detached under any circumstances.
15. **On completion of the test, the candidate must hand over the Answer Sheet to the Invigilator in the Hall / Room.** ***The candidates are allowed to take away this Test Booklet with them.***